Khalid Public High School & College Haroon Abad

( Speech Class Two)

یوں دی ہمیں آزادی کے دنیا ہوئی حیران

اے قائداعظم تیرا احسان ہے احسان

محترم پرنسپل صاحب اور میرے عزیز ساتھیو !

السلام علیکم !

آج مجھے جس موضوع پر تقریر کرنے کا موقع ملا ہے اس کا عنوان ہے " قائداعظم محمد علی جناح "

پیارے ساتھیو !

قائداعظم محمد علی جناح 25 دسمبر 1876 کو کراچی میں پیدا ہوئے آپ نے ابتدائی تعلیم کراچی سے حاصل کی پھر اعلی تعلیم کے لیے انگلستان چلے گئے۔آپ نے جب پاکستان کے لیے جدوجہد کی تو اپنے اور غیر آپ کے دشمن ہو گئے۔اس کے باوجود آپ پاکستان بنانے میں کامیاب ہو گئے۔مسلسل محنت کی وجہ سے آپ کی صحت خراب ہو گئی اور آپ 11 ستمبر 1948 کو وفات پا گئے

آخر میں میری اللہ سے دعا ہے کہ اللہ تعالی ان پر رحمتیں نازل فرمائے۔آمین

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے　　　بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

والسلام شکریہ